## سوچیے اور بتایئے

1. مُنّی کون تھی؟
2. مُنّی نے بابو جی سے سبودھ کی کیا شکایت کی؟
3. کابلی والے کا حلیہ کیسا تھا؟
4. کابلی والے کو دیکھ کر مُنّی کیوں گھبرا گئی؟
5. مُنّی کی ماں اُسے کس بات پر ڈانٹ رہی تھیں؟
6. وطن جانے سے پہلے کابلی والا گھر کیوں جاتا تھا؟
7. کابلی والے کو جیل کیوں بھیجا گیا؟
8. کابلی والا مُنّی کو اپنی جھولی سے کیا دیا کرتا تھا؟
9. کابلی والے کے پاس اپنی بیٹی کی کیا نشانی تھی؟
10. مُنّی کو دیکھ کر کابلی والے کو کیا یاد آیا؟

## خالی جگہ کو صحیح لفظ سے بھریے

1. میں اپنے ناول کا ـــــــ باب لکھ رہا تھا۔
2. کابلی والے سے میرا ـــــــ اس طرح ہوا۔
3. کابلی والے کا نام ـــــــ تھا۔
4. پیچھے سے لڑکوں اور راہ گیروں کا ـــــــ چلا آ رہا تھا۔
5. کابلی والا کہتا : ''مُنّی ـــــــ جاؤ گی؟''
6. رحمت گھونسا تان کر کہتا، ''میں تو ـــــــ کو ماروں گا۔''
7. رحمت گھر گھر جا کر اپنا روپیہ ـــــــ کرتا۔

© NCERT not to be republished

.8 میں نے کہا : ''آج تو میں بہت ـــــــ ہوں۔

.9 اُس کاغذ پر ایک چھوٹے سے ـــــــ کا نشان تھا۔

.10 اس کو ـــــــ احساس ہوا کہ اس کی لڑکی بھی اِتنے دنوں میں بڑی ہوگئی ہوگی۔

## نیچے دیے ہوئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے

صافہ ڈیل ڈول خوف مصروف احتیاط

## ان لفظوں کے متضاد لکھیے

دوست پیچھے بےایمان خوشی خوش نما الٹا انکار

## نیچے لکھے ہوئے محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے

دام وصول کرنا لین دین کرنا وار خالی جانا حق مارنا مال دبا لینا۔

## واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنا کر لکھیے

باتیں آنسو راہ گیر لڑکی میوہ سپاہیوں چادر مہمانوں برسوں

## نیچے دیے ہوئے جملوں کو کہانی کی ترتیب سے لکھیے

.1 مُنّی کی ماں اُس سے ڈانٹ کر پوچھ رہی ہے کہ تو نے اُس سے اُٹھنّی کیوں لی؟

.2 رحمت کا چہرہ دم بھر کے لیے خوشی سے کھل اٹھا۔

.3 دروازے پر دیکھا کہ مُنّی اس کابلی والے سے بڑے مزے سے باتیں کر رہی تھی۔

© NCERT not to be republished

4. مُنّی بڑی ہوگئی اور پھر اُس کی شادی بھی طے ہوگئی۔
5. میری پانچ برس کی بچی، جس کا نام مُنّی ہے، گھڑی بھر کو خاموش نہیں رہتی۔
6. اب مُنّی سسرال کے معنی سمجھنے لگی تھی، اس نے شرما کے سر جھکا لیا۔
7. یہ کچھ کشمش بادام مُنّی کے لیے لایا تھا، اس کو دے دیجیے۔

## صحیح جملوں کے سامنے صحیح ☑ اور غلط کے سامنے غلط ☒ کا نشان لگائیے

1. میری چھ برس کی بچی، جس کا نام چُنّی ہے۔ ( )
2. سُبودھ نوکر کا نام ہے جو کوّے کو کاگ کہتا ہے۔ ( )
3. میرا گھر سڑک سے دور ہے۔ ( )
4. کابلی والا ہنس مکھ تھا۔ ( )
5. کابلی والے نے کہا: ''مُنّی سسرال جاؤ گی؟'' ( )
6. کابلی والا ہر سال جاڑے کے موسم میں آتا تھا۔ ( )
7. کابلی والے کا نام عظمت تھا۔ ( )

## غور کرنے کی بات

- سبق میں ایک لفظ ''سسرے'' آیا ہے جس کے معنی سسر ہیں۔ لیکن یہ لفظ چھیڑ چھاڑ، ہنسی مذاق، پیار، اور طنز کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished